یُوسُف

خُداوند یسوع مسیح کی مِثال

(حِصّہ دوم)

سبق نمبر ۱

مِصر میں آزمائش (حِصّہ اوّل)

پڑھنے کے لئے حوالہ جات :

پیدائش ۳۹ : ۱-۲۳ اور تمام آیات جن کا ذِکر سبق میں ہے۔

سبق کا مقصد :

جب خُدا کے فرزند اِمتحان میں، آزمائش میں اور تکلیفوں میں بھی اُس پر بھروسہ رکھتے اور اُس کا حُکم مانتے ہیں تو خُدا کا نام جلال پاتا ہے۔

آپ کے طالبِ علموں کو کیا جاننا چاہیئے ؟

جس طرح کہ بے قصُور ہونے کے باوجُود یُوسف نے سختیاں جھیلیں اِسی طرح مسیح خُداوند نے بھی جو کہ خُدا کا بے عیب اور بے گُناہ برّہ تھا دُکھ اُٹھایا۔

آپ کے طالب علموں کو کیا محسُوس کرنا چاہیئے ؟

پاک زِندگی گُذار کر خُدا کی خُوشی کا باعث بننے کی خواہش، خواہ اُس کا انجام مُصیبت ہی کیوں نہ ہو۔

آپ کے طالبِ علموں کو کیا کرنا چاہیئے ؟

شیطان کا مقابلہ کریں اور آزمائش سے مُنہ موڑیں۔

سبق کا خاکہ : (اُستاد اور طالبِ علموں کی کاپیوں کے لئے نوٹ)

۱- بیٹا خادم بنتا ہے (پیدائش ۳۹ : ۱؛ زبُور ۴۰ : ۸ ؛ فلپیوں ۲ : ۵-۷ ؛ عبرانیوں ۱۲ : ۲)۔

۲- ایسا خادم جو اپنے مالک کی خُوشی کا باعث بنا

(پیدائش ۳۹ : ۲-۶ ؛ متّی ۳ : ۱۷ ؛ ۱۷ : ۵ ؛ یُوحنّا ۸ : ۲۹ ؛ ۱۷ : ۴)۔

۳- ایک خادم جو آزمایا گیا

(پیدائش ۳۹ : ۷-۱۲ ؛ متّی ۴ : ۱-۱۱)۔

۴- ایک خادم جِس پر جھُوٹا اِلزام لگایا گیا

(پیدائش ۳۹ : ۱۳-۲۰ ؛ متّی ۲۶ : ۵۹-۶۱)۔

سُنہلی آیت :

"ہم کو معلُوم ہے کہ سب چیزیں مِل کر خُدا سے محبّت رکھنے والوں کے لئے بھلائی پیدا کرتی ہیں" (رومیوں ۸ : ۲۸)۔

اُستاد کے لئے نوٹ

یہ کتاب، کتاب نمبر ۴ سے پیوستہ ہے۔ یہ سبق پڑھانے سے پہلے یُوسف کی زندگی کے پہلے آٹھ واقعات پر مُختصر طور پر غور کریں جو خُداوند مسیح یسوع کی زندگی کی عکاسی کرتے ہیں یعنی اُس کی یاد دلاتی ہے۔ تصویریں دِکھائیں اور اپنے طالب علموں کو یوسف اور مسیح میں مُشابہت کے مَوضُوع کی وضاحت کرنے کا موقع دیں۔ اِن واقعات کی تصویریں پہلے اور آخری ورق کے اندر کی طرف ہیں۔

سبق

کیا آپ نے کبھی مسیح خُداوند کی محبّت کی خاطر دُکھ سہا ہے ؟ کِس طرح ؟ آپ کا رویّہ کیا تھا ؟ آپ نے کیا کہا ؟ آپ نے کیا کیا ؟ آپ نے اِس تجربے سے کیا کچھ سیکھا ؟ (اُستاد جماعت میں مختلف گروہوں میں بحث کی اجازت دیں۔ مُمکن ہے کہ آپ کے طالبِ علم اِن باتوں کو اپنی کاپیوں میں لِکھنا چاہتے ہوں جو دُوسروں نے مسیح کی خاطر دُکھ اُٹھا کر سیکھ لی ہیں)۔ خُدا کا تقریباً ہر بندہ جو اپنے آسمانی باپ کی خوشی کی خاطر زندگی بسر کرنا چاہتا ہے جانتا ہے کہ دُکھ اُٹھانے سے کیا مُراد ہے۔ (دیکھئے